BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

10 مئی 2018

**یہ برامپٹن کا وقت ہے۔ بڑھوتری کی ترجیحات کی پیش رفت میں مدد کریں۔**

برامپٹن، آن - سٹی آف برامپٹن صوبائی الیکشن امیدواروں سے گزارش کرتا ہے کہ وہ شہر کی بڑھوتری کی ترجیحات کو آگے بڑھانے میں مدد دیں: مثلاً انفراسٹرکچر، تعلیم اور جدت، نگہداشت صحت اور علاقائی حکمرانی۔

اپنی حکمت عملی کی تائید میں، سٹی نے اُن کلیدی ترجیحات کی تفصیلات شیئر کی ہیں جو موجودہ دباؤ میں کمی لانے اور مستقبل کی ڈیمانڈ کو پورا کرنے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔

**کلیدی ترجیحات**

1. انفراسٹرکچر:
- نقل و حرکت کی بے حد بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اضافی بسوں، حفاظت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے نئی ٹیکنالوجی اور اضافی بسوں کو پارک کرنے کا بندوبست کرنے کے لیے ہمیں مزید رقم کی ضرورت ہے
- پائیدار اور زیادہ قابل استحکام شہری ترقی کا عمل جاری رکھنے کے لیے رِوّر واک پروجیکٹ، ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں ایٹوبیکوک کرِیک کے ارد گرد سیلاب سے تحفظ کے لیے ایک پُرجدت اسکیم کی تیاری کے سلسلے میں صوبائی حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری کی ضرورت ہے

2. تعلیم، عمدگی اور جدت
ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن یونیورسٹی کیمپس کے لیے مسلسل معاونت، بشمول طلباء کے داخلوں کی بڑھتی ہوئی تعداد۔

3. صحت میں شراکت داریاں
برامپٹن سوِک ہسپتال میں مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے لیے بندوبست کرنے کے لیے فوری طور پر درکار سرمایہ، موجودہ پِیل میموریل سنٹر کے اضافی مراحل کے لیے تیز تر منصوبے اور برامپٹن میں ایک تیسرے ہسپتال کا قیام۔

4. علاقائی حکمرانی
برامپٹن کی آبادی کی نمائندگی کی منصفانہ اور درست نمائندگی کو یقینی بنانے کے لیے، شہر کا تقاضہ ہے کہ میئر کے ساتھ ساتھ تمام 10 برامپٹن کونسلرز ریجن آف پیل کونسل میں رہیں۔

برامپٹن کے رہائشیوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنی کمیونٹی پر غور کریں اور شہر کو متاثر کرنے والے مسائل کی تائید میں مدد دیں۔ شہریوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ ان ترجیحات کے بارے میں سوشل میڈیا پر کچھ پوسٹ کرتے وقت *#timeforbrampton* استعمال کریں۔

**اقتباسات**

"اگرچہ برامپٹن میں کئی شاندار کام بھی ہو رہے ہیں مثلًا ایک نئی یونیورسٹی کا قیام اور ہمارے ٹاؤن کی تزئین و آرائش مگر نگہداشتِ صحت کے حوالے سے ہمارے شہر کو دی جانے والی مالی معاونت پر میرے کچھ خدشات بھی ہیں۔ ہمارے شہر کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے اور آبادی میں اس اضافے کی وجہ سے بدقسمتی سے ہماری نگہداشتِ صحت کی سہولیات میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ اونٹاریو حکومت کی جانب سے برامپٹن کی موجودہ نگہداشت صحت کے نظام کو چلانے اور بحال رکھنے کے لیے ہمیں درکار مالی معاونت کو تیز کیے جانے کی ضرورت ہے۔

- *میئر لنڈا جیفری*

"نوجوان ترین اور تیز ترین بڑھوتری رکھنے والے ایک شہر کے طور پر، برامپٹن کی بڑھوتری کو عوامی توقعات کے مطابق رکھنے پر شہر کی توجہ مرکوز ہے۔ ہم ایسی کلیدی ترغیبات پر حکومت کے ساتھ ہر درجے پر مل جل کر کام کریں گے اور ان کی تائید کا عمل جاری رکھیں گے جن سے دیرپا معاشی اثرات مرتب ہوں، نئی ملازمتیں پیدا ہوں اور ہمارے شہریوں کے معیارِ زندگی میں اضافہ ہو اور وہ اپنی کمیونٹی پر فخر محسوس کر سکیں۔"

- *ہیری شلینج، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر*

-30-

**برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔** ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں فالو کریں ٹویٹر اور فیس بُک۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
natalie.stogdill@brampton.ca | 905.874.3654